ارشاداتِ طیّبات

حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ

مرتبین

محمد مظہر مسعود مسعودی

محمد ظ مسعودی

پیش کردہ:

جاوید اقبال مظہری مجددی

۷ / سی اسٹیڈیم لین نمبر ۱، فیز ۵

خیابان شمشیر، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی

فون: ۵۸۴۰۹۹۳

ارشادات حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ

- مبارک ہے وہ شخص جس کے دل میں خدا کے سوا کسی غیر کی محبت نہ ہو۔
- علماء کے لیئے دنیا کی محبت اور رغبت ان کے جمال کے چہرے کا بد نما داغ ہے۔
- دونوں جہاں کی سعادت کا نقد دونوں جہاں کے سردار حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی اتباع سے وابستہ ہے۔
- اگر قلب اللہ تعالیٰ کے سوا غیر کی طرف مائل ہے تو خراب و ابتر ہے۔
- دنیا ظاہر میں بہت میٹھی ہے اور اس کا باطن بہت خراب زہر قاتل ہے۔
- فقراء کی صحبت سرمایۂ آخرت ہے کیونکہ یہی لوگ اللہ کے ہمنشیں ہیں۔
- نماز سب عبادتوں میں بہتر عبادت ہے اس کو خضوع و خشوع سے باجماعت ادا کرنا چاہیۓ۔
- خدا کی نعمت ہے کہ جوانی میں یادِ خدا کرے اور بڑھاپے میں امید مغفرت رکھے۔
- دل کا اطمینان اللہ کے ذکر سے ہوتا ہے ذاکر اور مذکور کے درمیان ایک قسم کا علاقہ پیدا ہو جاتا ہے۔
- فرض کو چھوڑ کر نفل میں مشغول ہونا لایعنی میں داخل ہے۔
- اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا ہے۔

- مالداروں کی صحبت سے بچنا چاہیے اور فقراء کی صحبت اختیار کرنی چاہیے۔
- وقت کو غنیمت جان کر کام وقت پر کریں نہ معلوم پھر وقت ملے یا نہ ملے۔
- دنیا کے معاملات سے پریشان اور تنگ دل نہ ہوں یہ دنیا مقام فنا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کی حمد ہے کہ جس نے اپنے طالبوں کو اپنی طلب میں بے قرار و بے آرام رکھا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کا فیض عام ہر بڑے بھلے کے سامنے ہے بعض اس کو قبول کرتے ہیں بعض قبول نہیں کرتے۔
- اللہ تعالیٰ اولیاء اللہ کے دوستوں کو بدبخت نہیں کرتا۔
- جس قدر آدمی زیادہ ہوں گے اس قدر رزق زیادہ آئے گا۔
- جمعیت کے ساتھ حق تعالیٰ کو یاد کرنا چاہیے اور متعلقین کا فکر حق تعالیٰ کے کرم کے حوالے کرنا چاہیے۔
- کلمہ سبحان اللہ و بحمدہ سوبار روز پڑھنا چاہیے اس کا حساب بے حساب ہے۔
- انسان میں جس قدر کمالات ہیں یہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔
- سنت کی پیروی کریں اور بدعت سے اجتناب کریں۔
- اے عزیز دنیا دار العمل ہے اور دار الجزا اور سزا آخرت ہے۔
- اس جہاں میں مصائب، غم اور حزن و اندوہ خدا کی بہترین نعمت ہے۔
- خدا کی معرفت اس پر حرام ہے جس کے دل میں دنیا کی محبت رائی کے دانے کے برابر ہو۔

- کلمہ طیبہ، طریقت حقیقت اور شریعت کا جامع ہے۔
- اہل اللہ کی صحبت میں ایک ساعت رہنا مجاہدوں کے کئی چلوں سے بہتر ہے۔
- اے عزیز رفیق، گناہ کے بعد ندامت اور عاجزی پیدا ہونا نعمتِ عظیم ہے۔
- نیکی کرنے کے بعد تکبر عجب پیدا ہونا زہر قاتل اور مرض مہلک ہے۔
- قرآن مجید تمام احکامات شرعیہ بلکہ تمام گذشتہ شریعتوں کا جامع ہے۔
- خاصان خدا اپنی نیکیوں کو خدا کی طرف منسوب کرتے ہیں اور جملہ برائیوں کو اپنی ذات سے جانتے ہیں۔
- درود شریف اور ذکر دونوں کا ثواب اور اجر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو برابر پہنچتا ہے۔
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص میری مردہ سنت کو زندہ کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو سو شہیدوں کا ثواب عطا فرمائیں گے۔
- عام لوگوں کے نزدیک مردہ زندہ کردینا بڑی کرامت ہے لیکن خاصانِ خدا کے نزدیک دل مردہ کو ذکر حق سے زندہ کردینا افضل ہے۔
- ہر راحت اور ہر تکلیف کے وقت خدا کی حمد کرنی چاہیۓ۔
- خدا کی جناب سے ناامیدی کفر ہے اس کی رحمت سے امیدوار ہونا چاہیۓ۔
- اللہ تعالیٰ کا کوئی کام حکمت اور بہتری سے خالی نہیں۔
- دل خواہ مومن کا ہو یا گنہگار کا دل کی ایذا سے بچنا چاہیۓ۔
- سب سے بہتر نصیحت یہ ہے کہ شریعت کی پیروی استقامت کے ساتھ کریں۔